① 

# DIRECTORATE OF EDUCATION, GNCT of DELHI.

## MID TERM PRACTICE QUESTION PAPER

Session : 2025-26.

class : X

Subject : Urdu- A (003)

Time : 3.00 hrs. M.M. 80

عام ہدایات:

۱- سبھی سوالات لازمی ہیں۔

۲- ہر سوال کا نمبر اس کے سامنے درج ہے۔

۳- جواب تحریر کرتے وقت صفائی اور خوش خط کا خاص خیال رکھیں۔

## (حصّہ الف)

۱- مندرجہ ذیل درسی اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ $5 \times 1 = 5$

سرسیّد کو مسماۃ ماں بی بی نے جو ایک قدیم خیرخواہ خادمہ ان کے گھرانے کی تھی، پالا تھا۔ اس لیے ان کو ماں بی بی سے نہایت محبّت تھی۔ وہ پانچ برس کے تھے جب ماں بی بی کا انتقال ہوا۔ ان کا بیان ہے کہ "مجھے خوب یاد ہے ماں بی بی مرنے سے چند گھنٹے پہلے فالسے کا شربت مجھ کو پلا رہی تھی۔ جب وہ مرگئی تو مجھے اس کے مرنے کا نہایت رنج ہوا۔ میری والدہ نے مجھے سمجھایا کہ وہ خدا کے پاس گئی ہے۔ بہت اچھے مکان میں رہتی ہے۔ بہت سے نوکر چاکر اس کی خدمت کرتے ہیں اور اس کی بہت آرام سے گزرتی ہے تم کچھ رنج مت کرو۔ مجھ کو ان کے کہنے سے پورا یقین تھا کہ فی الواقع ایسا ہی ہے۔ مدّت تک ہر جمعرات کو اس کی فاتحہ ہوا کرتی تھی اور کسی محتاج کو کھانا دیا جاتا تھا۔ مجھے یقین تھا کہ یہ کھانا ماں بی بی کے پاس پہنچ جاتا ہے۔ اس نے مرتے وقت کہا کہ میرا تمام زیور سیّد کا ہے، مگر میری والدہ اس کو خیرات میں دینا چاہتی تھیں۔ ایک دن انھوں نے مجھ سے پوچھا کہ اگر تم کہو تو یہ گہنا ماں بی بی کے پاس بھیج دوں، میں نے کہا ہاں بھیج دو۔ والدہ نے وہ سب گہنا مختلف طرح سے خیرات میں دے دیا۔"

(۱) سرسیّد کو کس نے پالا تھا؟

(ا) مسماۃ ماں بی بی نے  
(ب) اسما ماں بی بی نے  
(ج) سلمہ ماں بی بی نے  
(د) ماہم ماں بی بی نے

(2)

(ii) ماں بی بی کے انتقال کے وقت سرسیّد کی عمر کتنی تھی؟

(a) دس سال (b) چار سال (c) پانچ سال (d) چھ سال۔

(iii) مندرجہ بالا اقتباس کس سبق سے ماخوذ ہے؟

(a) سرسید کا زمانہ (b) سرسیّد احمد خاں (c) عورتوں کے حقوق (d) سرسیّد کا بچپن

(iv) اس سبق کے مصنّف کون ہیں؟

(a) الطاف حسین حالی (b) مولوی عبدالحق (c) سرسید احمد خاں (d) سعادت حسن منٹو

(v) والدہ نے سب گہنے کہاں دے دیئے؟

(a) ماں بی بی کے پاس (b) سیّد کے پاس (c) دادی ماں کے پاس (d) خیرات میں دیئے۔

2- مندرجہ ذیل نثری درسی اقتباس کو غور سے پڑھیئے اور اس سے متعلق سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ 5x1=5.

کبیر کی پیدائش اُتر پردیش کے ایک چھوٹے سے گاؤں مگہر میں ہوئی۔ وہ ایک مسلمان جلاہے کے گھر میں پلے بڑھے۔ پڑھنا لکھنا نہیں سیکھ سکے لیکن بے حد سمجھ دار آدمی تھے۔ وہ سوامی رامانند اور صوفی شیخ تقی سے بڑی عقیدت رکھتے تھے۔ کبیر انسانیت اور بھلائی کے شاعر تھے۔ وہ سارے انسانوں کو خدا کا کنبہ مانتے تھے۔ مذہبوں کی ایکتا میں یقین رکھتے تھے اور ساری دنیا کے لیے خیر کی دعائیں مانگتے تھے۔ ذات پات کی تفریق، غلط رسم و رواج اور توہم پرستی کے مخالف تھے۔ "بیجک" ان کی شاعری کا مجموعہ ہے جس کے تین حصے 'رمینی'، 'سبد' اور 'ساکھی' ناموں سے مشہور ہیں۔ ان کی شاعری اودھی، بھوجپوری، برج اور کھڑی بولی سے ملی جلی عام فہم زبان میں ہے۔ اُن کی بات دل سے نکلتی اور دلوں پر اثر کرتی ہے۔ ان کا کلام اردو اور ہندی دونوں زبانوں میں مقبول ہے۔ ان کے کئی دوہے ضرب المثل کی حیثیت اختیار کر چکے ہیں۔ کبیر نے کافی لمبی عمر پائی۔

(i) کبیر کی پیدائش کہاں ہوئی؟

(a) لکھنؤ (b) کانپور (c) بھوجپور (d) مگہر۔

(ii) کبیر کے شعری مجموعے کا نام کیا ہے؟

(a) گل نغمہ (b) بیجک (c) آتش گل (d) شعلہ و شبنم

(3)

(iii) کبیر کس صوفی سے بڑی عقیدت رکھتے تھے؟

(a) شیخ متقی (b) شیخ تقی (c) شیخ ابراہیم (d) شیخ عبداللہ

(iv) کبیر سارے انسانوں کو کیا مانتے تھے؟

(a) امیر (b) تعلیم یافتہ (c) خدا کا کنبہ (d) غریب

(v) کون غلط رسم و رواج اور توہم پرستی کے مخالف تھے؟

(a) میر تقی (b) شیخ تقی (c) شیخ ابراہیم (d) کبیر

3- مندرجہ ذیل درسی شعری حصّہ کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیئے گئے سوالوں کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب لکھیے۔ 5x1=5

سر میں شوق کا سودا دیکھا دہلی کو ہم نے بھی جا دیکھا
جو کچھ دیکھا اچھا دیکھا کیا بتلائیں کیا کیا دیکھا
جمنا جی کے پاٹ کو دیکھا اچھے ستھرے گھاٹ کو دیکھا
سب سے اونچے لاٹ کو دیکھا حضرت ڈیوک کناٹ کو دیکھا
پلٹن اور رسالے دیکھے گورے دیکھے کالے دیکھے
سنگینیں اور بھالے دیکھے بینڈ بجانے والے دیکھے

(i) درج بالا اشعار کس نظم سے لیے گئے ہیں؟

(a) اودھیس سے آنے والا بنا (b) گرمی اور دیہاتی بازار
(c) جلوۂ دربار دہلی (d) حقیقتِ حسن

(ii) درج بالا شعری حصّے کے شاعر کا نام کیا ہے؟

(a) اقبال (b) اکبر الہ آبادی (c) جوش (d) اختر شیرانی

(iii) اس نظم میں شاعر کس جگہ کا ذکر کر رہا ہے؟

(a) دہلی (b) بمبئی (c) کلکتہ (d) لال قلعہ

(iv) لوگوں کو کیا دیکھنے کا جنون تھا؟

(a) بازار (b) دیہاتی لوگ (c) میلہ (d) دربارِ دہلی

(v) پلٹن اور رسالے کا کیا مطلب ہے؟

(a) لوگ (b) جانور (c) فوج (d) کتاب

4- مندرجہ ذیل نثر درسی شعری حصّہ کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیئے گئے سوالوں کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب لکھیے۔ 5x1=5

خون اپنا ہو یا پرایا ہو — نسلِ آدم کا خون ہے آخر
جنگ مشرق میں ہو کہ مغرب میں — امنِ عالم کا خون ہے آخر
بم گھروں پر گریں کہ سرحد پر — روحِ تعمیر زخم کھاتی ہے۔
کھیت اپنے جلیں کہ غیروں کے — زیست فاقوں سے تلملاتی ہے۔
ٹینک آگے بڑھیں کہ پیچھے ہٹیں — کوکھ دھرتی کی بانجھ ہوتی ہے۔
فتح کا جشن ہو کہ ہار کا سوگ — زندگی میتوں پہ روتی ہے۔

(i) جنگ کہیں بھی ہو دراصل کس کا خون ہوتا ہے؟
(a) تخریب کا (b) امنِ عالم کا (c) جانوروں کا (d) غریبوں کا۔

(ii) بموں کے گرنے سے کس کی روح زخم کھاتی ہے؟
(a) روحِ تخریب (b) روحِ تعلیم (c) روحِ تعمیر (d) روحِ پرواز

(iii) ٹینکوں کے آگے اور پیچھے ہونے سے کس کی کوکھ بانجھ ہوتی ہے؟
(a) دھرتی کی (b) دریا کی (c) پہاڑ کی (d) سمندر کی۔

(iv) خون کسی کا بھی ہو دراصل کس کا خون ہوتا ہے؟
(a) جانوروں کا (b) پرندوں کا (c) نسلِ آدم کا (d) غریبوں کا

(v) زیست سے کیا مراد ہے؟
(a) موت (b) انسان (c) مچھلی (d) زندگی۔

## (حصّہ ب)

5- درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر 150 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔ 1x10=10

(i) ذرائعِ ابلاغ (ii) بے روزگاری (iii) آلودگی: ایک سنگین مسئلہ

6- سیکشن تبدیل کرنے کے لیے اسکول کے پرنسپل صاحب کے نام درخواست لکھیے۔ 1x4=4

یا

اپنے والد کو خط لکھ کر ان سے سالانہ فیس کی رقم بھیجنے کی درخواست کیجیے۔

7- افسانہ "بھولا" کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔ 1×4=4

یا

اکبر الہ آبادی کی نظم "جلوۂ دربارِ دہلی" کا خلاصہ لکھیے۔

8- نظم "حقیقتِ حسن" کا مرکزی خیال لکھیے۔ 1×3=3

یا

شاد عظیم آبادی کی ادبی خدمات پر روشنی ڈالیے۔

9- کرشن چندر کے افسانہ "دو فرلانگ لمبی سڑک" کا خلاصہ لکھیے۔ 1×4=4.

(حصہ ج)

10- وہ فعل جس کا فاعل معلوم نہ ہو، اُسے کیا کہتے ہیں؟ تین مثالیں بھی لکھیے۔ 5

یا

درج ذیل جملوں کو غور سے پڑھیے اور زمانے کے لحاظ سے فعل کی قسم لکھیے۔

(i) میں نے تم سے غلط نہیں کہا تھا۔

(ii) ہر آدمی کو ملک کی ترقی میں حصہ لینا ہوگا۔

(iii) سچائی کی ہمیشہ جیت ہوتی ہے۔

(iv) سلیم کل بازار جائے گا۔

(v) مہبہ اپنا ہر کام وقت کی پابندی کے ساتھ کرتی ہے۔

11- (i) درج ذیل شعر میں کون سی صنعت استعمال کی گئی ہے؟ 2

کیا وہ نمرود کی خدائی تھی
بندگی میں مرا بھلا نہ ہوا۔

(ii) تشبیہ کی تعریف لکھیے اور اس کی مثال بھی لکھیے۔ 3

12- (i) کہاوت کسے کہتے ہیں؟ مثال بھی لکھیے۔ 2

(ii) درج ذیل میں کسی دو محاوروں کے معنی لکھ کر جملوں میں استعمال کیجیے۔ 3

(a) سبز باغ دکھانا    (b) جان میں جان آنا

(c) خون کھولنا    (d) نام روشن کرنا۔

13- ختمہ کسے کہتے ہیں؟ علامت کے ساتھ لکھیے۔ 2

⑥

۱۴۔ غزل کا پہلا شعر جس کے دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوں کیا کہلاتا ہے؟ مثال بھی لکھیے۔ 3

یا

عام طور پر اشعار میں قافیے کے بعد جو لفظ یا الفاظ دہرائے جاتے ہیں انھیں کیا کہتے ہیں؟ مثال بھی لکھیے۔

(حصّہ د)

۱۵۔ درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے جواب لکھیے۔ 2x2=4

(i) مخلوط زبان سے کیا مراد ہے؟ وضاحت کیجیے۔

(ii) ”منگو کوچوان انگریزوں سے کیوں نفرت کرتا تھا؟

(iii) مردوں کو عورتوں کے ساتھ کس طرح کا سلوک کرنا چاہیے۔

(iv) ”عورت کا دل محبت کا سمندر ہوتا ہے“ مصنف نے یہ بات کیوں لکھی ہے۔

۱۶۔ درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے جواب لکھیے۔ 2x2=4.

(i) حسن نے خدا سے کیا سوال کیا ہے؟

(ii) میر ببر علی انیس اپنی رباعی میں ”خالی ظرف کی صدا“ سے کیا سمجھانا چاہتے ہیں؟

(iii) ”ہستی کی کیا ہستی ہے“ سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

17۔ درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے جواب لکھیے۔ 2x2=4.

(i) نور خان نے کمانڈنگ آفیسر کی رپورٹ کیوں کی اور اس کا کیا اثر ہوا؟

(ii) مصنف نے جب فقیر کو نوکری کی پیش کش کی تو اس نے کیا تنخواہ مانگی اور کیوں؟

(iii) گبا کے داؤں سے بچنے کے لیے ضلع الجبر نے کون کون سی چال چلی؟

18۔ درج ذیل اصناف میں سے کسی ایک پر مختصر نوٹ لکھیے۔ 1x3=3

(i) سوانح (ii) نظم (iii) غزل

———x———x———